Shezan

# شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ

**56۔ بندروڈ، لاہور**

## ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (4)159 کے تحت کمپنی کے حصص یافتگان کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل دس (10) امیدواروں نے ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے لئے اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروائے ہیں۔ جس کے لئے کمپنی ہذا کا غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعرات مورخہ 22 جون 2023ء بوقت صبح 10:30 بجے بمقام کمپنی رجسٹرڈ آفس 56۔ بندروڈ، لاہور میں اور بذریعہ ویڈیو لنک "زوم" منعقد ہو رہا ہے۔

1۔ جناب منیر نواز
2۔ جناب ہمایوں اے شاہنواز
3۔ جناب ایم نعیم
4۔ جناب عابد نواز
5۔ جناب راشد امجد خالد
6۔ محترمہ مناہل شاہنواز
7۔ جناب شاہد حسین جتوئی
8۔ جناب نعمان خالد
9۔ جناب محسن علی
10۔ جناب احسن علی ملک

چونکہ ان افراد کی تعداد جنہوں نے خود کو بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کے لئے پیش کیا ہے کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹروں کی تعداد سے زیادہ ہیں، لہٰذا مذکورہ بالا دس (10) مقابلہ کرنے والے امیدواروں میں سے، نو (9) امیدواروں کو کمپنیز ایکٹ 2017ء اور متعلقہ ضوابط کی دفعات کے مطابق آنے والی غیر معمولی اجلاس عام میں مکمل باضابطہ ووٹنگ کے ذریعے کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر منتخب کیا جائیگا۔

خرم بابر
کمپنی سیکرٹری

لاہور:
15 جون 2023ء

**نو (9) ڈائریکٹرز کا انتخاب مندرجہ ذیل طریقے سے کیا جائے گا۔**

1۔ ایک حصص کنندہ کے پاس ووٹوں کی اتنی تعداد ہونی چاہیے جو اس کے پاس موجود ووٹنگ حصص کی تعداد اور منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد کے برابر ہو۔

2۔ ایک حصص کنندہ اپنے تمام ووٹ کسی ایک امیدوار کو دے سکتا ہے یا انہیں ایک سے زیادہ امیدواروں کے درمیان اس طرح تقسیم کرسکتا ہے جیسے وہ منتخب کرے۔

3۔ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کا ڈائریکٹر منتخب ہونے کا اعلان کیا جائے گا اور پھر اگلے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کیلئے اس طرح کا اعلان کیا جائے گا اور اسی طرح جب تک منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی کل تعداد منتخب نہیں ہو جاتی۔

4۔ مقررہ پراکسی فارم پہلے ہی حصص کنندگان کو غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ بھیج دیا گیا ہے۔ سی ڈی سی کے حصص کنندگان کی طرف سے جاری کردہ پراکسی فارم کی تصدیق کا طریقہ کار سنٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کی طرف سے دی گئی ہدایات کے مطابق ہونا چاہیے۔

5۔ پراکسی فارم پر پچاس روپے کے ریونیو سٹیمپ پر دستخط ہوئے ہوں اور اسے کمپنی سیکرٹری کے دفتر میں غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹے پہلے جمع ہو جانا چاہیے۔

6۔ پراکسی غیر معمولی اجلاس عام کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیشن / پاور آف اٹارنی نمعونہ کے دستخطوں کے ساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرایا جائے گا۔ (اگر پہلے سے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔